ماہنامہ محدث کا قانون و شریعت کنونشن نمبر

ملتِ اسلامیہ کا علمی اور اصلاحی مجلّہ

ماہنامہ **محدّث** لاہور

عدد ۳، ۴	ربیع الاول والآخر ۱۳۹۹ھ	جلد ۹

فکر و نظر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلام کا دستور صرف کتاب و سنت ہے، فقہی اور وضعی نہیں

ہمارے بزرگ دوست ابو محمد سید بدیع الدین شاہ صاحب کتاب و سنت سے گہری عقیدت اور آزادانہ سوچ کے اعتبار سے ایک امتیازی حیثیت کے حامل ہیں۔ سعودی عرب کے طویل سفروں اور وہاں کے قیام نے شاہ صاحب موصوف کے توحیدی فکر کو مزید جلا بخشی ہے۔ الحمد للہ، کچھ عرصہ سے وہ سیاسی امور میں بھی خوب دلچسپی لے رہے ہیں اور اس سلسلہ میں چند ایک پریس کانفرنسوں سے بھی خطاب کر چکے ہیں۔ جن کا موضوع آئینِ شریعت، اسلامی سزائیں اور اسلامی نظام کے دیگر پہلو ہیں۔ زیرِ نظر پریس کانفرنس منعقدہ ۵ مارچ ۷۹ء بھی اس کی ایک کڑی ہے۔ جس پر تعلیقات ہماری طرف سے ہیں۔

چونکہ عرصہ سے علمائے دین مغرب کے سیاسی تسلط کی بناء پر مساجد و مدارس میں قلعہ بند ہونے پر مجبور تھے۔ اس لئے قانون و سیاست کے میدانوں میں ان کے افکار نے اجنبیت اختیار کر لی ہے جبکہ علمائے دین کی سوچ بھی اس جانب خاطر خواہ پیش رفت نہ کر سکی۔ نتیجتاً معاشرہ کیلئے مسجد کی مرکزیت ختم ہو گئی اور مغربی نظام کا کابوس ذہنوں پر چھا گیا۔ حالت یہ ہے کہ ایک طرف مغربی اصطلاحات نے اپنا جال تن رکھا ہے تو دوسری طرف اسلامی جزئیات کی افادیت کا جائزہ

حافظ عبدالرحمٰن مدنی نے مکتبہ جدید پریس، ۴۔ شارع فاطمہ جناح۔ لاہور سے باہتمام چوہدری رشید احمد چھپوا کر گارڈن ٹاؤن۔ لاہور سے شائع کیا۔ دفتر رابطہ۔ ۹۹ جے بلاک ماڈل ٹاؤن۔ لاہور فون نمبر ۸۵۲۸۹۷ زر سالانہ -/۱۵ روپے فی پرچہ -/۲ روپے